تو حضور نے عائشہ رضی اللہ تعالیٰ سے کہا میں آپ سے ایک بات کہنے والا ہوں، جواب میں جلدی نہ کرنا، پہلے اپنے والدین سے مشورہ کرنا۔ پھر حضور نے مذکورہ آیت تلاوت کی۔ تو اماں عائشہ نے فرمایا اے اللہ کے رسول کیا میں آپ کے بارے میں اپنے والدین سے مشورہ کروں؟ ایسا نہیں کروں گی بلکہ میں تو اللہ اور اس کے رسول کو اختیار کر دیتی ہوں۔ پھر عائشہ نے ایک درخواست کی اے اللہ کے رسول آپ جب یہ آیت دوسری بیویوں پر پیش کریں تو میرے جواب میں انہیں اطلاع نہ دینا۔ اس وقت حضور نے ایک تاریخی جملہ فرمایا: اِنَّ اللہ لم یبعثنی معنتا ولا متعنتا و لکن بعثنی معلما یسرا (صحیح مسلم)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے میری بعثت اس لیے نہیں کی کہ میں لوگوں کو مشکل میں مبتلا کروں یا یہ چاہوں کہ دوسرے لوگ مشکل میں مبتلا ہوں۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے آسانیاں پیدا کرنے والا معلم بنا کر بھیجا ہے۔

یہ ہوتا ہے معلم، استاد کی خیر خواہی کہ وہ اپنے شاگردوں، متعلقین کو ہر وقت مشکل سے بچانے کی کوشش کرے، جہاں تک ہو سکے ان کی ایسی راہنمائی کرے کہ وہ مشکلات سے بچ کر آسانیوں تک پہنچ سکیں۔

مقصد سے لگن:

ایک معلم، استاد کے لیے اس کا مقصد، مشن اور تربیت ہی اصل ہوتا ہے، اس کو اپنے مقصد سے بے تحاشا لگن ہونا چاہیے چنانچہ کائنات کے معلم اعظم حضور پاک

اپنے مشن کے ساتھ اس قدر مخلص تھے کہ ہر ہر فرد تک اپنی بات پہنچانے کی کوشش کی، رشتہ دار، احباب، حجاج، بازار، وفود، قبائل، الغرض ہر انسان تک اپنی بات پہنچانے کی کوشش کی۔ اس راستہ میں آپ پر کیچڑ اچھالا گیا، راستہ میں کانٹے بچھائے گئے، بیٹیوں کو طلاق دیا گیا، آپ پر پتھر برسائے گئے، گلہ دبانے کی کوشش کی گئی حتٰی کہ آبائی علاقہ سے جلاوطن ہونا پڑا، ہر قسم کی لالچ دی گئی مگر حضور اپنے مشن اور مقصد سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے۔ بلکہ حسب سابق انتہائی انہماک کے ساتھ اپنے مشن کی تکمیل میں لگے رہے۔ یہی صفت ہے کہ ایک ٹیچر، اس کو اپنا بنا کر بہترین، کارآمد، تربیت یافتہ، ماہر شاگرد تیار کر سکتا ہے۔

بات کو موثر انداز میں پیش کرنا:

حضور تعلیم اور تربیت کے وقت بات اس انداز سے فرمایا کرتے تھے کہ مشکل سے مشکل مسئلہ آسانی کے ساتھ سمجھ آجاتا تھا۔ چنانچہ ام معبد فرماتی ہیں آپ شیرین کلام اور واضح بیان تھے، نہ کم گو تھے اور نہ زیادہ گو تھے۔ آپ کی گفتگو ایسی تھی کہ جیسے موتی کے دانے پروئے گئے ہوں۔

اماں عائشہ فرماتی ہیں آپ کے کلمات میں فصاحت وبلاغت جھلکتی تھی۔ آپ تبلیغ کی حکمت سے مالا مال تھے۔ اگر کوئی آپ کے الفاظ کو شمار کرنا چاہتا تو کر سکتا تھا۔ آپ کی گفتگو عام لوگوں کی طرح جلدی جلدی نہیں ہوتی تھی بلکہ صاف صاف ہر مضمون دوسرے مضمون سے ممتاز ہوتا تھا۔

مدارس کے لیے سب سے عمدہ صفت یہی ہے کہ مشکل مباحث کو آسانی سے سمجھا سکے۔ بات اس قدر سہل، صاف اور واضح کرے کہ کمزور سے کمزور طالب اس کی بات اور مسئلہ کو سمجھ سکے۔

سامعین کو متوجہ کرنا:

بہترین استاد وہ ہوتا ہے جو طلبا کو اپنے طریقہ تدریس کے ذریعے ہمہ تن متوجہ کر سکے، حضور طلبا یا سامعین کو متوجہ کرنے کے لیے بہت سے طریقے اختیار فرمایا کرتے تھے، کبھی کبھی طلبا سے سوالات کر کے ان کو متوجہ کرتے تھے۔ کبھی کبھی ضرورت کے وقت ایک بات کو تین تین مرتبہ دہراتے تھے، کبھی کبھی نقشہ بنا کر سامعین کو سمجھاتے تھے۔

حدیث شریف میں ہے کہ "آپ نے ایک سیدھی لکیر کھینچی فرمایا کہ یہ سیدھا راستہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف جاتا ہے۔ پھر اس لکیر کے دائیں بائیں مزید لکیریں کھینچیں اور فرمایا یہ شیطان کے راستے ہیں"۔

بعض مواقع پر حضور پاک سبق کو دلچسپ بنانے کے لیے قصہ اور کہانیاں سنایا کرتے تھے، حاصل یہ ہے کہ طلبا کو دورانِ درس متوجہ رکھنا ایک کامل استاد کے لیے شرطِ اول ہے۔

طلبا سے فردی تعلق:

حضور ہر صحابی یا شاگرد سے اس قدر فردی تعلق رکھتے تھے کہ ہر صحابی یہ سمجھتا تھا کہ میں ہی حضور کا سب سے بہترین رفیق ہوں کوئی صحابی مجلس سے غیر حاضر رہتا تو حضور اس کے بارے میں پوچھتے کہ وہ کہاں ہے؟ اس کو کیا ہوا ہے حضور بنفس نفیس صحابہ کرام کے ساتھ مفید کھیلوں میں شرکت کرتے تھے، ہر صحابی کو ہر وقت اس کے نام کے ساتھ پکارتے تھے۔ جس سے تعلق اور اپنائیت کا جذبہ دلوں میں ابھرتا تھا۔

ایک استاد کے لیے ضروری ہے کہ طلبا کو ذاتی طور پر پہچانے۔ جس سے ایک طرف طلبا کے دل میں استاد کی محبت پیدا ہوتی ہے۔ دوسری طرف طالب علم اپنے استاد سے قریب سمجھ کر اس کی باتوں کو توجہ سے سننے لگتا ہے۔

حضور پاک خوش اخلاق نرم خو تھے۔ آپ نے اپنے نرم مزاج سے درشت، سخت مزاج کے لوگوں کو راہِ ہدایت پر لایا۔


فرمان باری تعالیٰ ہے (ترجمہ): اے پیغمبر یہ اللہ کی بڑی رحمت ہے کہ تم ان لوگوں کے لیے نرم مزاج واقع ہوئے ہو۔ ورنہ اگر کہیں تم تند خو، اور سنگدل ہوتے تو یہ سب تمہارے گرد و پیش سے چھٹ جاتے (آل عمران)

انہی معلمانہ صفات نے انقلاب کا راستہ ہموار کیا، وہ عرب جو کسی کی اطاعت قبول نہیں کرتے تھے وہ حضور پاک کے شیدائی بنے، جان نثار کرنے لگے۔

مذکورہ صفات ہی انسانیت کے لیے مشعل راہ ہیں۔ انہی صفات کو اساتذہ کرام اپنا کر قوم وملت کے لیے کارہائے نمایاں سرانجام دے سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو حضور کی زندگی اور صفات اپنانے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)۔

●●



نامور بلوچی شاعر اور ماہر لسانیات

سید ظہور شاہ ہاشمی کی اردو شناسی

میر بلوچ خان (اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ بلوچی)




پاکستانی زبانوں (پنجابی، بلوچی، سندھی، پشتو، سرائیکی، براہوئی، ہندکو، کشمیری، بلتی، شینا، گاوری) کا کوئی ایسا شاعر یا ادیب نہیں ہے جنہوں نے اپنی مادری زبان میں تخلیق کاری کے ساتھ ساتھ قومی زبان میں تخلیق کاری سے پہلے اردو یا فارسی کا سہارا نہ لیا ہو یا اپنی مادری زبان میں تخلیق کاری کے ساتھ ساتھ قومی زبان میں تخلیق کاری نہ کی ہو۔

پاکستانی زبانوں میں ایسے سینکڑوں تخلیق کار ہمیں ملیں گے جو بیک وقت دو دو تین تین زبانوں میں طبع آزمائی اور تجربہ کاری کر رہے ہیں اور اس کے کام کا دائرہ صرف اپنی مادری زبانوں یا صوبائی زبانوں تک محدود نہیں ہے بلکہ ایسے کئی نامور اور قد آور نام ہمیں دیکھنے میں ملیں گے جنہوں نے قومی زبان اردو میں لکھنے کے ساتھ ساتھ اپنی مادری زبانوں کی ترقی و ترویج میں بے حد کمال دکھایا ہے۔ ان ناموں میں متو بھائی، حفیظ تائب، عطا شاد، احمد سلیم، قلندر مومند، ڈاکٹر ریاض مجید، ڈاکٹر نبی بخش خان بلوچ، احمد شمیم، تاج سعید، رضا ہمدانی، ڈاکٹر عبدالرحمٰن براہوئی، حفیظ خان، ڈاکٹر طاہر تونسوی، مختار حسین نیر، پروفیسر شریف کنجاہی، اکبر حسین اکبر، میر گل خان نصیر، ڈاکٹر الیاس عشقی، افضل مراد، ڈاکٹر تنویر عباسی، سردار خان گیشکوری، آصف خان، محمد نواز، پروفیسر پریشان خٹک، ڈاکٹر انعام الحق جاوید اور کئی ایسے نام ہیں جنہوں نے مادری اور قومی زبانوں میں تواتر کے ساتھ نام کمایا ہے۔

پاکستانی زبانوں میں ایک نام بلوچی زبان کے ممتاز اور نامور ادیب، شاعر، افسانہ نگار، ناول نگار اور ماہر لسانیات سید ظہور شاہ ہاشمی کی نام نامی ہے جن کی ساری کی ساری تخلیقات بلوچی زبان میں ہیں لیکن ان کی دو تصنیفات اردو زبان میں ہیں۔ اس مضمون میں، میں اُن کی بلوچی کتابوں پر (جو کہ اٹھائیس سے اوپر ہیں) تبصرہ نہیں کروں گی بلکہ اس کی اردو شناسی اور اردو زبان پر محبت کے حوالے سے موضوع قرطاسِ قلم پر لائی جائے گی۔

سید ظہور شاہ ہاشمی کے آباو اجداد بلخ و بخارا سے ہجرت کرکے سندھ کے شہر ٹنڈو آدم میں آباد ہوئے، بقول پروفیسر صبا دشتیاری: وہ ارغونوں کے سندھ پر حملے کے وقت یہاں وارد ہوئے تھے، اس کے بعد سندھ سے ہجرت کرکے بلوچستان کے شہر بیلہ میں سکونت پزیر ہو گئے، وہ نجیب الطرفین سادات تھے کیونکہ والد صاحب کی طرف سے اُن کا شجر نسب حضرت امام حسن سے جا ملتا ہے اور والدہ ماجدہ کی طرف سے حضرت امام حسین سے جاملتا ہے اس لیے وہ اپنے آپ کو "الحسنی، الحسینی" کہتے ہیں۔

سندھ سے یہ خاندان بیلہ اور بیلہ سے موجودہ ایرانی بلوچستان (دشتیاری چوکاٹ) میں ہجرت کر گئے۔



سندھ میں یہ خاندان بخاری، بیلہ میں قادری اور دشتیاری ایران میں ہاشمی کہلاتے ہیں۔ سید ہاشمی کے نانا سید رگل شاہ بیلہ سے ہجرت کرکے ایرانی بلوچستان آگئے یہیں سے سید ہاشمی کے والد سید محمد شاہ کی ولادت ہوئی۔ پھر سید محمد شاہ ایران سے ہجرت کرکے بلوچستان (پاکستان) کے ساحلی شہر گوادر میں آکر آباد ہوئے۔ گوادر میں اس وقت سلطنت آف اومان کی عملداری تھی۔ سید ہاشمی کے والد عربی، فارسی اور مذہبی علوم کے علاوہ حافظ، سعدی، عمر خیام اور اقبال کی فارسی شاعری سے نہ صرف کماحقہ واقفیت رکھتے تھے بلکہ ان کی فارسی کتابیں اُن کے پاس موجود رہتی تھیں۔

ویسے تو عام طور پر کہا جاتا ہے کہ سیدوں میں دو خصوصیات ہوتی ہیں ایک یہ کہ وہ جہاں کہیں آباد ہو جائیں تو وہاں کی زبان و ثقافت کے ساتھ گھل مل جاتے ہیں، دوسری یہ کہ علم و دانش اُن کی گھر کی زیور ہوتی ہیں۔

سید محمد شاہ جب ایران سے ہجرت کرکے گوادر آگئے تو سلطنت آف اومان کے والی اور گوادر کے عوامی حلقوں کی جانب سے اُن کی اچھی خاصی احترام ہوتی تھی اور لوگ اُن کی خاندان کی بڑی قدر کرتے تھے۔

سید ہاشمی پیر 12 رمضان المبارک 1345 ہجری بمطابق 21 اپریل 1926 کو گوادر میں پیدا ہوئے۔ اُن کا پیدائشی نام ابراہیم شاہ تھا جسے بعد میں بدل کر ظہور شاہ رکھا گیا۔

"سید ظہور شاہ ہاشمی کے بچپن کے زمانے میں گوادر میں جدید تعلیم کا خاص علمی ادارہ موجود نہیں تھا۔ وہی

قدیم انداز میں مولوی سے کلام اللہ اور بعد میں تھوڑی بہت فارسی کی تعلیم دی جاتی تھی۔ لیکن خوش قسمتی سے اُن کے ہوش سنبھلتے ہی گوادر میں ایک اسکول "سعدیہ یا سعیدیہ" کھولا گیا جہاں اردو میں تعلیم دی جانے لگی۔ سید ہاشمی نے اردو اسی اسکول میں ماسٹر محمد ابراہیم نامی استاد سے پڑھی۔ یہ صاحب کراچی کے رہنے والے تھے۔ اس کے علاوہ اسکول میں دو اساتذہ کرام کا نام بھی لیا جاتا ہے، ماسٹر شہدوست اور ماسٹر عبدالکریم، جب سید ہاشمی جماعت چہارم میں تھے تو مولوی محمد موسیٰ نے گوادر میں ایک عربی مدرسہ کی بنیاد ڈالی۔ اُن کے والد صاحب نے دونوں بھائیوں ظہور شاہ اور نظام شاہ کو اسکول سے نکال کر عربی پڑھانے کے لیے مدرسہ میں بٹھا دیا۔ مولوی محمد موسیٰ نے عربی کے ساتھ ساتھ انہیں فارسی کی بھی تعلیم دی۔ سید ہاشمی نے انگریزی کی تعلیم اپنے چچا سید احمد شاہ سے حاصل کی جو اسی اسکول میں انگریزی کے استاد تھے۔ 1940 کے قریب سعدیہ اسکول میں سیالکوٹ کے ماسٹر محمد مقصود (ایم اے) تشریف لائے۔ سید ہاشمی نے بھی ان سے تحصیل کی لیکن اُن کی تعلیم کی بنیادیں عربی اور فارسی کی تحصیل ہی رہیں"(1)

اسکول کی تعلیم کے بعد اس کو عربی، فارسی اور سنسکرت سیکھنے کا بے حد شوق تھا۔ ویسے تو بلوچی، اردو اور فارسی گھر میں ہی بولتے تھے ان تینوں زبانوں پر اُن کو بارہ سال کی عمر میں اچھی خاصی دسترس حاصل تھی اور تعلیم و تربیت کا یہ ماحول انہیں گھر کی طرف سے میسر تھا۔ کیونکہ اس وقت کے برصغیر (تقسیم سے پہلے) کے متعدد مذہبی و علمی رسائل و جرائد اُن کے والد صاحب کے لیے مختلف شہروں سے آتے تھے۔

"سید ہاشمی کے والد ایک فہمیدہ اور سخن شناس علمی انسان تھے، حافظ، سعدی اور اقبال کی فارسی شاعری سے کماحقہ واقفیت رکھتے تھے۔ اُن کی فارسی کلام کی کتابیں اُن کے یہاں ہر وقت موجود رہتی تھیں جہاں وہ اکثر و بیشتر اپنے بچوں کے سامنے پڑھتے اور اُن کی شرح بیان کرتے تھے۔ وہ بنیادی طور پر مذہبی فکر کے حامل انسان تھے اُن کے یہاں ہندوستان بھر سے علمی، ادبی اور مذہبی رسائل آیا کرتے تھے۔ خاص طور پر بجنور یو۔پی سے "مدینہ" کے نام سے ایک اردو ماہنامہ اُن کے پتے پر ہمیشہ آیا کرتے تھے اور وہ اُن کے مستقل خریدار تھے"۔(2)

سید ظہور شاہ ہاشمی بلوچی کے مایہ ناز شاعر، افسانہ نگار، ناول نگار، انشا پرداز اور ماہر لسانیات تھے۔ انہوں نے بلوچی زبان و ادب کو تقریباً پینتیس سے زیادہ معیاری اور مستند تخلیقی گنج و گوہر عطا کیے ہیں لیکن بلوچی زبان و ادب کی ترقی میں اُن کا سب سے بڑا کام زبان شناسی ہے کیونکہ وہ بلوچی کے سب سے پہلے محقق ہیں جنہوں نے بلوچی زبان کو معیاری رسم الخط پر گامزن کیا اُن کا دوسرا کمال یہ ہے کہ انہوں نے بلوچی کا سب سے ضخیم اور معیاری لغت "سید گنج" کے نام سے منصہ شہود پر لایا۔ اگر بلوچی فکشن کے

حوالے سے بات کی جائے تو بلوچی کا سب سے پہلا ناول "نازک" بھی سید ہاشمی نے تخلیق کی ہے جسے بعد میں جناب غوث بخش صابر نے اردو کا جامہ پہنا کر اکیڈمی ادبیات پاکستان ، اسلام آباد کی طرف سے 2006 میں شائع کروائی۔ اس کا فارسی ترجمہ ایران کے ایک محقق جناب عبد الواحد برہانی نے 2007 میں کر کے ایران کے شہر زاہدان سے چھپوائی۔ ان کی بلوچی زبان و ادب کی خدمات کے حوالے سے بعد میں بحث ہو گی کیونکہ اس وقت میرا موضوع سید ہاشمی کی اردو شناسی، اردو سے محبت اور کام کے حوالے سے ہے اسی لیے ان کی اردو میں کام کے حوالے سے یہاں بات ہو گی۔

جیسے میں نے مضمون کے آغاز میں ذکر کیا تھا کہ پاکستانی زبانوں کے اکثر و بیشتر ادیبوں نے لکھنے کا آغاز قومی زبان اردو سے ہی کیا تھا اسی طرح بلوچی کے ادیب، شاعر، محقق اور ماہر لسانیات سید ہاشمی نے بھی اپنی شاعری اور تخلیق کاری کی ابتدا بلوچی سے پہلے اردو میں ہی کیا تھا۔ اردو شاعری کے ساتھ ساتھ انہوں نے گوادر میں ایک ہفتہ واری جریدے کا اجرا کیا تھا۔

> "بیس سال کی عمر میں 'انجمن اصلاحِ بلوچاں' کے نام سے ایک تنظیم کی داغ بیل ڈالی اور اس کی روحِ رواں بن گئے۔ گوادر جیسے پسماندہ علاقے میں جہاں نشر و اشاعت کی کوئی سہولیات میسر نہ تھی ایک اردو ہفتہ واری 'جدوجہد' کا اجرا کیا اور ہاتھ سے لکھ لکھ کر (چونکہ وہ خود ایک خطاط بھی تھے) تقسیم کرتے رہے اور اپنی تنظیم کے مقاصد اور عوام کی فلاح و بہبود کا پرچار کیا، یہ وہ زمانہ تھا جب کہ گوادر مسقط کے حکمرانوں کی قلم رو میں شامل تھا اور عوام پاکستان کی شمولیت میں پیہم مصروف تھے۔ اُن کی تنظیم و تحریک کا اصل مقصد عوامی جدوجہد کو تیز کر کے منزلِ مقصود سے ہم آغوش کرنا تھا۔ جس کی وجہ سے اخبار پر حسبِ دستور حاکمانِ مسقط نے پابندی عائد کر دی اور انہیں 1949 میں زندان میں ڈال دیا گیا۔ زندان سے نکل کر 1949 میں کراچی میں پناہ لینی پڑی اور معاش کے لیے ریڈیو پاکستان کراچی کے بلوچی پروگراموں میں انچارج (کار مستر) کے عہدے سے منسلک ہو گئے"۔(3)

یہاں اس بات سے عیاں ہوتا ہے کہ سید ہاشمی گوادر کی سلطنت آف اومان میں شامل ہونے سے مطمئن نہ تھے اور ان کی خواہش یہ تھی کہ گوادر پاکستان کے حصے میں آئے۔ سید ہاشمی سے سلطنت آف اومان کے والی ناخوش تھے حالانکہ وہ سید ہاشمی کی خاندان کی بہت احترام اور قدر کرتے تھے اس کے باوجود وہ مخالفت کرتے رہے، کیوں کہ اس زمانے میں والی نے گوادر کی طرف کوئی خاص توجہ نہیں دی تھی۔ کراچی میں ریڈیو پاکستان میں شمولیت اختیار کرنے سے پہلے وہ اردو میں شاعری کیا کرتے تھے اور کبھی کبھی فارسی زبان میں بھی تجربہ کرتے رہے۔

"سید ہاشمی شروع ہی سے اردو کے اساتذہ شعرا کے

گرویدہ تھے اور ان میں سے مرزا غالب سے تو بہت متاثر تھے اسی وجہ سے انہوں نے جب اردو شاعری کا آغاز کیا اور اس پر مرزا غالب کے شاعرانہ اسلوب کا رنگ واضح طور پر نظر آتا ہے۔ بلکہ انہوں نے غالب کی زمین پر کئی غزلیں بھی کہی تھیں۔ انہوں نے اپنی اردو شاعری کا آغاز چودہ سال کی عمر میں 1939 میں کیا تھا۔ شاعری کا شوق والد محترم سے حاصل کیا، اُن کے والد بہت زیرک اور سخن شناس انسان تھے اور حافظ، سعدی اور اقبال کی فارسی شاعری سے کماحقہ واقفیت رکھتے تھے اُن کی اشعار کو اکثر پڑھا کرتے تھے اور سید ہاشمی کو اُن کے معنی اکثر سمجھایا کرتے تھے"۔(4)

ریڈیو پاکستان کراچی میں شمولیت سے پہلے وہ اردو میں شاعری کرتے تھے، کراچی آنے کے بعد وہ اکثر اردو کے نامور شاعر بہزاد لکھنوی کی صحبت میں بیٹھا کرتے تھے اور بقول مراد آوارانی وہ بہزاد لکھنوی سے اصلاح لیتے تھے لیکن یہ وہ زمانہ تھا جنہوں نے اردو کم اور بلوچی کی طرف زیادہ توجہ دی۔

"اب یہاں (کراچی) میں سید ہاشمی کی زندگی میں ایک نئے دور کا آغاز ہوتا ہے، یعنی نئی جدوجہد شروع ہوتی ہے اردو شاعری سے بلوچی شاعری میں میلانِ طبع منتقل ہوتا ہے۔ قبل ازیں بہزاد لکھنوی کی خدمت میں حاضر رہے غالب کو استادِ سخن مانتے اور ان کی پیروی میں اردو میں مشقِ سخن کرتے تھے لیکن رفتہ رفتہ کچھ احباب کی ترغیب پر وہ بلوچی شاعری کی طرف مائل ہوگئے اور پھر اسی کے ہو کر رہ گئے"(5)

ان کی ابتدائی دور کے کچھ اردو غزلوں میں سے ایک غزل "نذرِ غالب" کے عنوان سے ہے غزل کچھ یوں ہے:

"ہجر کی یہ تلخیاں گر زہر سے کچھ کم نہ تھیں
وصل کی شیرینیاں بھی اور بھی شیرین ہو گئیں
میں تو منکر تھا، مگر اب دیکھ کر مومن ہوا
میری جب حریفِ ماہ و پروین ہو گئیں
میری کم اندیش فطرت پہ گھٹائیں چھا گئیں
کس کی خوش بختی سے یہ افکارِ زرین ہو گئیں
دل نہ تھا پتھر تھا سینے میں جو ہو جاتا تھا آب
گر چہ آنکھیں دیکھ کر مجھ کو غم آگین ہو گئیں
داستانِ عشق کی رنگینیاں کچھ کم نہ تھیں
میرے افسانے کے دم سے اور رنگین ہوگئیں"(6)

1949-50 کا زمانہ وہ دور تھا کہ جنہوں نے اپنا آبائی علاقہ گوادر چھوڑ کر کراچی کی علمی و ادبی ماحول اور صحبت اختیار کی۔ کراچی میں ریڈیو پاکستان کراچی جوائن کرنے کے ساتھ ساتھ انہوں نے کراچی کے بلوچی ادیبوں کے ساتھ مل کر ایک ادبی تنظیم "حلقۂ ادب" کی داغ بیل ڈالی اور کراچی کے اردو ادیبوں اور صحافیوں کے درمیان میل جول کا سلسلہ اور رابطہ جاری رکھا۔

"شاید یہ 1953 کا سال تھا جب کہ ملک کے مشہور ادیب اور شاعر چراغ حسن حسرت بھی ریڈیو پاکستان کراچی کے قومی پروگراموں کے انچارج ہوئے اور ان کو بلوچی کی مشہور داستان "دوستین و شیرین" کو

قومی پروگرام میں پیش کرنے کے سلسلے میں میری مدد کی ضرورت ہوئی تو انہوں نے مجھے لانگ ورتھ ڈیمز کی کتاب "دی پاپولر پوئٹری آف بلوچز" دکھائی ،اس کے بعد مجھے اُن کتابوں کی مطالعے کا شوق پیدا ہوا۔ کچھ دنوں بعد حسرت صاحب نے ریڈیو کو خیر باد کہا، تو میں نے ریڈیو کی لائبریری سے یہ کتابیں حاصل کرنے کی کوشش کی۔ لائبریرین نے رجسٹر کھول کر مجھے بتایا کہ چراغ حسن حسرت نے یہ ساری کی ساری کتابیں لائبریری سے نکال لی ہیں اور ان کا خندہ آور معاوضہ بھی ادا کر دیا ہے۔ یہ سن کر مجھے بہت افسوس ہوا کہ اُن نایاب کتابوں سے میں محروم رہا"۔(7)

سید ہاشمی نے ریڈیو پاکستان میں ساڑھے پانچ سال ملازمت کی۔ یہاں اُن کی ملاقات اردو کے نامور ادیب، صداکار اور اُس وقت کے ریڈیو پاکستان کے اسٹیشن ڈائریکٹر جناب زیڈ اے بخاری کے علاوہ اکثر اردو، سندھی، بنگالی، گجراتی اور دوسرے زبانوں کے ادیبوں اور شاعروں سے نشستیں اور مجالس ہوا کرتی تھیں۔ انہوں نے ریڈیو پاکستان کے بلوچی سیکشن میں شاعری کے علاوہ نثری ادب کی ترقی و تشہیر میں بہت جدوجہد اور کوششیں کیں۔ بلوچی ادب میں ریڈیائی ڈرامے، فیچر اور دیگر بحث و مباحثہ کو ان کی وجہ سے بہت ترقی و تقویت ملی۔

"سید ہاشمی کی ریڈیو پاکستان سے وابستگی کے بعد گویا بلوچی پروگراموں میں ایک انقلاب آیا۔ اس لیے کہ انہوں نے یہاں آنے کے بعد ایسے بنیادی قدم اٹھائے کہ تمام پروگراموں کا مزاج یکسر بدل گیا۔ انہوں نے ریڈیو کے ذریعے بلوچی زبان کو ترقی دینے کی بھرپور کوششیں کیں اور اس سلسلے میں انہوں نے بلوچی نثری ادب کو پروان چڑھانے میں حتی المقدور جدوجہد کی، جس کے نتیجے میں مختلف موضوعات پر مضامین، بحث و مباحثہ اور فیچر کا انتظام ہوا کرتا تھا۔ سید ہاشمی کے زمانے میں بلوچی پروگراموں کی تقسیم کچھ اس طرح تھی، پینتالیس منٹ کے نشریے میں بیس منٹ موسیقی کے لیے مقرر تھی، دس منٹ بلوچی خبروں کے لیے، پانچ منٹ "مئے پاکستان" (ہمارا پاکستان) نامی مستقل اور ضروری عنوان پر مبنی پروگرام کے لیے وقف تھے اور دس منٹ کسی مضمون، تقریر یا فیچر کے لیے مختص تھے"۔(8)

سید ظہور شاہ ہاشمی نے بلوچی اور اردو زبانوں میں شاعری کے علاوہ اردو زبان کے لیے جو ضخیم اور مستند کام کیا ہے، وہ ہے بلوچی زبان و ادب کی تاریخ کو اردو زبان میں تحریر کرنا، یہ کتاب "بلوچی زبان و ادب کی تاریخ (ایک جائزہ)" ہے جو معیاری اور شستہ اردو میں لکھا گیا ہے۔ اس کتاب کو سال 1986 میں سید ہاشمی اکادمی کراچی نے چھاپی ہے۔ انگریزی اور فارسی کے علاوہ بلوچی زبان و ادب کی تاریخ پر اردو زبان میں جن جن محققین نے کام کیا ہے ان میں شیر محمد مری، ڈاکٹر نبی بخش بلوچ، مولائی شیدائی، سلیم خان گمی، ایڈوکیٹ طاہر محمد خان، ڈاکٹر شاہ محمد مری، رائے بہادر ہتورام، ڈاکٹر عبدالرزاق صابر، ڈاکٹر سلیم اختر، غوث بخش صابر، محمد پناہ بلوچ، ڈاکٹر واحد بزدار اور سید ظہور شاہ

ہاشمی کے اسمائے گرامی شامل ہیں۔

ان تمام محققین نے بلوچی زبان و ادب کی تاریخ کو بہ زبانِ اردو میں عمدہ اور معیاری طرز پر تحریر کیے ہیں۔ لیکن ظہور شاہ ہاشمی نے بلوچی زبان و ادب کے حوالے سے اردو میں جو کام کیا ہے وہ سب سے زیادہ مستند اور ہمہ گیر حیثیت رکھتا ہے، اس کی ہمہ گیریت اور عمدگی کی خاص وجہ یہ ہے کہ انہوں نے بڑے مدلل اور محققانہ انداز میں کتاب قرطاسِ قلم پر لایا ہے، دوسری بات یہ ہے کہ ان کی اردو صاف اور شستہ ہے اس حوالے سے ممتاز اسکالر اور ادیب پروفیسر عبداللہ جان جمالدینی رقم طراز ہیں کہ:

"بلوچ محققین میں سید ظہور شاہ ہاشمی پہلے محقق ہیں، کہ جنہوں نے بلوچی اور اوستا کے رشتے کو اس طرح واضح کیا ہے انہوں نے ہماری بڑی رہنمائی کی ہے سید صاحب کی بلوچی کی قدامت اور ایرانی زبانوں سے قربت پر بحث سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اگر بلوچی زبان ،ادب اور خود بلوچ عوام کی تاریخ پر حقائق تلاش کرنا مطلوب ہو تو ایسے محققین کو ایرانی عوام اور ایرانی زبانوں کی تاریخ کا مطالعہ کی طرف رجوع کرنا چاہیے"۔(9)

اس کتاب کی مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ سید ہاشمی علمِ لسانیات کے متعلق بہت سی معلومات اور شناسائی رکھتے تھے اور وہ اپنی اس کتاب کی پہلے باب میں زبانوں کا پس منظر، ابتدا اور نمو کے بارے میں خود تحریر کرتے ہیں کہ:

"چونکہ انسان میں ہر قسم کی آواز نکالنے کی استعداد موجود ہے، اس لیے اس جوڑے نے بھی استعداد سے کام لے کر ایک دوسرے کو سمجھانے یا بتانے کے لیے مخصوص آوازیں نکالنا شروع کیں۔ چونکہ انسان ذی عقل ہے، اس لیے اس محدود اجتماعی یا جوڑے والی انفرادی زندگی میں اپنے مافی الضمیر کو آوازوں سے ادا کرتا ہی تھا، اسی وجہ سے اس نے ہر چیز کا نام اور ہر کام کے لیے ایک لفظ کی دریافت شروع کی، جو ابتدا میں اکثر فطری آوازوں کی صحیح ترجمانی کرتے تھے، ابتدائی اور فطری ناموں میں اکثر فطرت کی جھلک ملتی ہے، مثلاً انگریزی کا Rain عربی کا 'مطر' بلوچی کا 'ھور'، فارسی کا 'باریدن'، اردو کا 'بارش'، ہندی کا 'ورش' یا 'برسات'، پشتو کا 'باران'، ان تمام الفاظ میں "ر" موجود ہے۔ اس طرح "ر" کی آواز بوندوں کے گرنے کی فطری نمائندگی کرتی ہے۔ اسی طرح ایک اور لفظ "جاؤ"، "گو"، "ناؤ"، "رہ"، "بو"،



مختلف زبانوں میں وہی "ؤ" یا "او" کی فطری آواز کی سب الفاظ میں نمائندگی ہوتی ہے"۔(10)

سید ہاشمی کی "بلوچی زبان و ادب کی تاریخ (ایک جائزہ)" اردو میں تین سو چالیس صفحات پر مشتمل ایک نایاب اور نادر کتاب ہے جو بلوچی زبان و ادب کی تاریخ کے قارئین کے لیے ایک جامع اور بہترین تحفہ ہے۔اس کتاب کے اہم موجوعات یہ ہیں:

1۔زبان کا پس منظر، ابتدا و نمو

2۔ بلوچی زبان کی تاریخ، ارتقاء اور لہجے

3۔ بلوچی زبان کی حروف تہجی پر بحث

4۔لفظِ بلوچ اور بلوچی زبان پر محققین کی آرا

5۔ قدیم بلوچی شاعری کا تذکرہ

6۔ قدیم بلوچی اصنافِ ادب اور لوک ادب

7۔ علمِ موسیقی اور شاعری پر گفتگو

8۔ بلوچی جدید شاعری کا مختصر جائزہ

9۔ بلوچی جدید نثر کا ارتقاء

10۔بلوچی ادبی تحریک کا جائزہ

11۔ریڈیو پاکستان کراچی کے بلوچی پروگراموں کا احوال

12۔بلوچی رسائل وجرائد پر تحقیقی اور تنقیدی جائزہ

یہ کتاب 1973 میں مکمل ہوئی تھی ، لیکن مالی مشکلات کی وجہ سے سید ہاشمی اپنی دوسری تصنیفات کی طرح یہ تصنیف بھی اپنی زندگی میں شائع نہ کر سکی۔اس کتاب کو کئی عرصے بعد 1986 میں سید ہاشمی اکادمی کراچی نے شائع کروائی۔

سید ہاشمی نے 1966 میں آسان اور سہل بلوچی سیکھنے کے لیے ایک "بلوچی اردو بول چال" بھی لکھی ہے جو روز مرہ استعمال ہونے والی مختلف اشیاء اور عام بول چال کے موضوعات پر مبنی ہے،۔ حالانکہ اس سے پیشتر مولوی خیر محمد ندوی، حاجی عبدالقیوم اور دوسرے کئی لکھاریوں نے بلوچی سے اردو سیکھنے والی بول چال کی کتابیں تحریر کیے ہیں لیکن سید ہاشمی نے اس بول چال کی کتاب کو اردو زبان میں بہتر اور خوبصورت انداز میں تحریر کیا ہے ، حالات اور تقاضوں کے مطابق اس کی اہمیت اور ضرورت بھی بہت محسوس کی جاتی تھی۔

"زبان کی ترویج کے سلسلے میں بول چال کی کتابوں کی بڑی اہمیت بتائی جاتی ہے۔ جس سے نہ صرف انسانی برادری میں آپس کی قربت کے امکانات بڑھتے ہیں بلکہ دوسری زبان کے مزاج اور ثقافتی رویوں سے بھی انسان واقف ہو جاتا ہے۔اسی ضرورت کے پیش نظر سید ہاشمی نے "بلوچی اردو بول چال" کے تحت ایک مختصر کتاب تحریر کی ہے۔یہ کتاب 1974 میں ندکار پبلی کیشنز کراچی کی جانب شائع ہوئی تھی۔ بتیس صفحات پر مشتمل یہ کتاب معیاری اور معنی خیز ہے۔ جس کے تحت بہت کم وقت میں قاری بلوچی کی بنیادی چیزوں سے واقف ہو جاتا ہے"۔(11)

اس بلوچی اردو بول چال میں تمام روز مرہ استعمال کی ہوئی اشیاء کے ناموں، معمولاتِ زندگی، خوراک

، میوے، جانور و مویشی، مریض و ڈاکٹر، جسم و اعضاؤں کے نام، اسٹیشنری، ڈاک، دکان دار، گاہک اور بیشمار لوگوں کے درمیان مکالمے شامل ہیں۔ آخر میں تعلیم اور پاکستان کے عنوانات سے ایک ایک مضمون دیے گئے ہیں اور جس کے اردو ترجمے آخر میں دیے گئے ہیں۔

"یہ کتاب اختصار کے باوجود بہت آسان بلوچی سیکھنے کا سہل طریقہ ہے، اس کتاب میں بلوچی کے ساتھ ساتھ اردو پر سید ہاشمی کی دسترس کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے"۔(12)

سید ہاشمی کی بیشمار اردو مضامین بلوچی دنیا ملتان اور کراچی کے مختلف رسائل و جرائد میں چھپ چکے ہیں۔ ہفت روزہ "جرس" کراچی نے اُن کی بیشمار مضامین چھاپے ہیں۔ اس بات کی تائید ممتاز بلوچی شاعر اور محقق جناب عابد آسکانی ان الفاظ میں کرتے ہیں:

"مارچ 1953 میں بلوچی کے مشہور شاعر، دانشور، محقق اور ادیب سید ہاشمی کی شاعری سے متعلق ایک اردو مضمون ہفت روزہ اردو خبار "جرس" میں شائع ہوا تھا۔ یہ اخبار مجھے گارڈن کراچی کے ایک ردی کتاب بیچنے والے کے ہاں دستیاب ہوا ہے اور میں نے اسی خوشی کے موقع پر بچوں میں مٹھائی بھی تقسیم کی ہے۔ "جرس" کے ایڈیٹر سید ہاشمی کے بارے میں لکھتے ہیں کہ 'موصوف کے پاس کوئی ایسا لمحہ نہیں ہے جسے ہم وقتِ فرصت کہہ سکیں، "جرس" خوش نصیب ہے کہ اس نے شاہ صاحب کی عدیم الفرصتی سے کام نکال لیا"۔(13)

سید ہاشمی کی زندگی کا ایک حصہ سفر میں گزرا۔ وہ زندگی کے ہر موڑ پر سفر کے لیے تیار تھے، اس سفر میں کراچی و سندھ کے مختلف علاقے، بلوچستان کے مختلف علاقے، ایرانی بلوچستان کے بیشتر علاقے، خلیجی ممالک اور ہندوستان کے شہر ممبئی، پونا، حیدر آباد دکن اور گیبس کے علاقے شامل ہیں۔

سید ہاشمی کو سنسکرت، اَوِستا اور ہندی سیکھنے کا بے حد شوق تھا، وہ 1949 میں ڈاکٹر اسٹر اسر کے کہنے پر ہندوستان کے مشہور تعلیمی اور تحقیقی مرکز دکن کالج گئے، بحری جہاز کے ذریعے جنوری کے مہینے میں بمبئی پہنچے، اُن کو لینے جان اسٹر اسر خود وہاں پہنچے۔ اور اُن کو ریل گاڑی کے ذریعے پونا شہر لے گئے۔

سید ہاشمی نے دکن کالج پونا میں نہ صرف ڈاکٹر صاحب کے ساتھ مل کر بلوچی زبان پر کام کیا بلکہ انہوں نے حتی الوسع علم کے ہر موجود وسائل سے استفادہ کیا، خاص طور پر انہوں نے بڑی محنت سے اوستائی زبان، سنسکرت اور ہندی زبان کی تحصیل کے سلسلے میں بڑی جانفشانی سے کام کیا۔ اس حوالے سے وہ خود لکھتے ہیں:

"دکن کالج پونا سے کون واقف نہیں، یہ پوسٹ گریجویٹ کالج خالصتاً لسانیات کے ایڈوانس اسٹڈیز کا مستند انسٹی ٹیوٹ ہے۔ 1969 میں جب میں اس کالج میں گیا۔ ہاسٹل میں ایک ڈاکٹر این۔ ایس شکلا سے میری ملاقات ہو گئی، یہ صاحب سنسکرت اور اوستا

زبانوں پر کافی دسترس رکھتے تھے اور کالج میں اوستا کے پروفیسر تھے۔ میری اس شخص سے مل کر خوشی کی انتہا نہ رہی اور جب تک میں وہاں رہا، ڈاکٹر صاحب سے اوستا کے بارے میں مستفیض ہوتا رہا۔ کیوں کہ میں اس سے پہلے اوستا کے بارے میں اپنی علمیت بڑھانے کی کوشش میں مصروف تھا، اس لیے ڈاکٹر شکلا سے اس سلسلے میں اعانت کا طالب ہوں، ڈاکٹر صاحب نے جس طریقے سے اوستائی زبان اور اوستا کے بارے میں راہنمائی کی، اُس کا میں ہمیشہ مشکور رہوں گا۔ اوستا کے بارے میں ڈاکٹر صاحب کی علمیت کا نہ صرف معترف ہوں بلکہ مجھے اس بات پر فخر ہے کہ اوستا کے بارے میں انہوں نے مجھ پر بڑا احسان کیا ہے، کیونکہ اس سے پہلے میں صرف کتابوں کے ذریعے اس قدیم ترین زبان کو سمجھنے کی کوشش کرتا رہا"۔(14)

اس کے علاوہ اسے اپنی قاموس (لغت) "سید گنج" کے لیے چپے چپے کا خاک چھاننا پڑا، جس کے لیے انہوں نے پورے بلوچستان، سندھ، ایرانی بلوچستان اور خلیجی ممالک کا دورہ کرنا پڑا۔ گو کہ "سید گنج" اس کی زندگی میں شائع نہ ہو سکی، یہ لغت اس کی وفات کے چوبیس سال بعد سن 2000ء میں شائع کی گئی۔ لیکن یہ بات اپنی جگہ پر مُسلّم ہے کہ یہ لغت بلوچی کے تمام لغات سے زیادہ مستند اور معیاری سمجھی جاتی ہے۔

سید ہاشمی تپ دق کے مرض میں مبتلا تھے، زندگی کے آخری سال انہوں نے کراچی میں گزارے، 4 مارچ 1978ء کی درمیانی رات وہ خالقِ حقیقی سے جا ملے۔

اُن کی جسد خاکی کو کراچی کے مشہور قبرستان "میوہ شاہ قبرستان" میں سپرد خاک کیا گیا۔

اُن کے نام پر کراچی ملیر میں ایک کتاب گھر "سید ہاشمی ریفرنس لائبریری" کے نام سے قائم ہے۔

اس کتاب گھر میں بلوچی اور اردو کے علاوہ تمام زبانوں کی کتابیں رکھی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ اس ادارے نے بے شمار بلوچی اور اردو کی کتابیں چھاپی ہیں۔

سید ہاشمی کے تخلیقی کام کو وسعت دینے کے لیے کراچی میں سید اکیڈمی قائم کیا گیا جسے چند سال قبل گوادر منتقل کیا گیا ہے۔ یہ ادارہ سید ہاشمی کے علمی و ادبی کاموں کے دائرہ کار کو وسعت دینے کے لیے مصروفِ عمل ہے۔

اس کے علاوہ سید ہاشمی کی یاد کو تازہ کرنے کے لیے گوادر کے مین شاہراہ پر اس کا مجسمہ نصب کیا گیا ہے۔ جس کو ایران کے مشہور و معروف مجسمہ ساز جناب محمد حسن یادگار زادہ نے تیار کیا ہے۔

گوادر میں آر سی ڈی سی کونسل کا ہال بھی سید ہاشمی کے نام نامی پر منسوب ہے کیونکہ وہ اس کونسل کے بانیوں میں شمار ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ گورنمنٹ ڈگری کالج گوادر کو بھی اُن کے علمی خدمات کے اعتراف میں اُن کے نام سے منسوب کیا گیا ہے۔ ●●

حوالہ جات:

1۔ صباد شتیاری، پروفیسر، سید ہاشمی: فن و شخصیت، اسلام

آباد، اکادمی ادبیات پاکستان، 2006، ص:19

2۔ صباد شتیاری، پروفیسر، سید ہاشمی: فن و شخصیت، اسلام آباد، اکادمی ادبیات پاکستان، 2006، ص:17-16

3۔ ندیم، عبد الغفار، بلوچی زبان کا ایک عظیم غزل گو۔ سید ہاشمی، ملتان، بلوچی دنیا، جولائی 2012ء ص:11

4۔ صباد شتیاری، پروفیسر، سید ہاشمی: فن و شخصیت، اسلام آباد، اکادمی ادبیات پاکستان، 2006، ص:24

5۔ ندیم، عبد الغفار، بلوچی زبان کا ایک عظیم غزل گو۔ سید ہاشمی، ملتان، بلوچی دنیا، جولائی 2012ء ص:11

6۔ صباد شتیاری، پروفیسر، سید ہاشمی: فن و شخصیت، اسلام آباد، اکادمی ادبیات پاکستان، 2006، ص:25

7۔ ہاشمی، سید ظہور شاہ، بلوچی زبان و ادب کی تاریخ، کراچی ، سید ہاشمی اکیڈمی 1986ء، ص:242-241

8۔ صباد شتیاری، پروفیسر، سید ہاشمی: فن و شخصیت، اسلام آباد، اکادمی ادبیات پاکستان، 2006ء ص:33

9۔ جمالدینی، عبد اللہ جان (پیش لفظ) بلوچی زبان و ادب کی تاریخ (ایک جائزہ) کراچی ، سید ہاشمی اکیڈمی ،1986ء ص:11

10۔ ہاشمی، سید ظہور شاہ ، بلوچی زبان و ادب کی تاریخ، کراچی، سید ہاشمی اکیڈمی 1986ء، ص:16

11۔ صباد شتیاری، پروفیسر، سید ہاشمی: فن و شخصیت، اسلام آباد، اکادمی ادبیات پاکستان، 2006ء، ص:79

12۔ ایضاً، ص:80

13۔ علی دوست بلوچ، ڈاکٹر، بلوچی دیوان، کوئٹہ ، گوشہ ادب 2007ء، ص:41

14۔ آسکانی، عابد، شھسا، (انٹرویو) سید ھاشمی، کراچی، بہار گاہ پبلی کیشنز، 2001ء، ص:41

●●


بزنس یا کاروبار کیا کرنا چاہیے؟

گل شیر بلوچ (اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ ریاضی)

میرا چونکہ تعلق فنانس سے ہے اور میری جو کوالیفکیشن ہے وہ ایم بی اے فنانس، ایم ایس سی ریاضی اور ایم ایس، انوسٹمنٹ پورٹفولیو مینیجمنٹ سے ہے۔ میرے خیال میں ہمیں کاروبار کرنے سے پہلے ان تین چیزوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

1۔ کوالیفکیشن:

ہم جو کاروبار کرنا چاہتے ہیں اس کے لیے کوالیفکیشن ہونا ضروری ہے۔ یعنی کاروبار سے پہلے ہمیں کاروبار کے بارے میں پتہ ہونا چاہیے۔ یہاں کوالیفکیشن سے میرا مراد ایجوکیشن نہیں۔ ایجوکیشن کا مطلب بی اے، بی ایس سی وغیرہ لیکن کوالیفکیشن کا مطلب ہمیں اس کاروبار سے متعلق جاننا چاہیے۔ فرض کریں اگر میری کوالیفکیشن فزکس ہے تو میں فزکس سے متعلق چیزوں کے بارے میں جانتا ہوں اس لیے یہ میری کوالیفکیشن ہوگی۔ اس کی مثال ایلان ماسک ہے جس نے اکنامکس اور فزکس میں بی ایس سی کی ہے اور جو کاروبار ہے، ایکس اسپیس یعنی خلا تک اس کی رسائی ہے اور اس کا دوسرا کاروبار بغیر ایندھن الیکٹرک گاڑیاں ہیں جو کہ 'ٹسلا' کمپنی بناتی ہے۔ ان دونوں کمپنیوں کی وجہ سے آج کل ایلان ماسک دنیا کا امیر ترین کاروباری شخص ہے جس کی دولت تقریباً دوسو بلین ڈالر ہے۔ کیونکہ ایلان ماسک کو خلا اور الیکٹرک گاڑیوں اور بغیر ڈرائیور کے گاڑیوں کے بارے میں معلوم تھا اس لیے اس نے یہ کاروبار کیا اور آج وہ دنیا کا امیر ترین شخص ہے۔



2۔ تجربہ:

ہمیں وہ کاروبار کرنا چاہیے جس کا ہمیں تجربہ ہو۔ بغیر تجربے کے ہمیں کوئی بھی کاروبار نہیں کرنا

چاہیے۔ جب ہمیں کسی کاروبار کا تجربہ ہوتا ہے اس کو ہم بہتر طور پر سمجھ سکتے ہیں اور اس میں ہمیں نقصان بھی نہیں اٹھانا پڑتا۔ اور بغیر تجربے کے ہمیں کوئی بھی کاروبار نہیں کرنا چاہیے اگر ہم یہ غلطی کریں کہ کاروبار شروع کریں گے اور ہمیں تجربہ ہو جائے گا لیکن اس سے ہمیں بہت نقصان اٹھانا پڑے گا یعنی اگر میں ایک استاد ہوں تو میں پرائیوٹ اسکول کا کاروبار کر سکتا ہوں۔ لیبارٹری ٹیکنیشن کا تجربہ ہو تو اپنا لیبارٹری کا کاروبار شروع کر سکتا ہوں۔ اگر ڈاکٹر ہو تو اپنا پرائیوٹ ہسپتال شروع کر سکتا ہوں۔ اگر آپ کے پاس تجربہ نہیں ہے تو اکیلے کاروبار نہیں کرنا چاہیے بلکہ ایسے شخص کے ساتھ کاروبار شروع کریں جس کا اس شخص کو تجربہ ہو اور اس کے پاس سرمایہ نہ ہو۔ مثلاً میں ہوٹل کا کاروبار شروع کرنا چاہتا ہوں تو مجھے اپنا کام کسی اچھے Cook کے ساتھ مل کر ہوٹل کا کاروبار شروع کرنا چاہیے۔ اگر آپ کے پاس تجربہ نہیں ہے تو تیسرا آپ کا منتور ہونا چاہیے کہ آپ کا آئیڈیل شخص جس سے آپ کام کو سیکھ کر کاروبار کر سکیں۔ اگر پرائیوٹ ہسپتال شروع کرنا چاہیں تو کسی ڈاکٹر کے ساتھ مل کر کاروبار کریں۔ پرائیوٹ اسکول کے لیے ایک اچھے استاد کے ساتھ مل کر کاروبار کریں۔ اگر آپ کے پاس ان تینوں چیزوں میں سے کوئی ایک بھی چیز نہ ہو تو بہتر ہے کہ آپ کاروبار نہ کریں ورنہ آپ کو نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔

لیکن میرے خیال سے ہر شخص کو ان تینوں چیزوں میں سے کوئی ایک کاروبار کرنا چاہیے۔ اگر کوئی شخص صرف اپنے پیسے بینک میں رکھتا ہے اور سود کھاتا ہے تو اس سے صرف ایک شخص کو فائدہ ہوگا اور اس کی دولت سے باقی کسی اور کو فائدہ نہیں ہوگا اس لیے اسلام نے سود کو حرام قرار دیا ہے۔ اور جب کوئی شخص کاروبار کرتا ہے تو پورا معاشرہ خوشحال ہوتا ہے۔ کیونکہ کاروبار سے نوکریاں پیدا ہوں گے، کاروباری شخص گورنمنٹ کو ٹیکس دیتا ہے جس سے گورنمنٹ کو فائدہ ہوتا ہے۔ اور جو شخص کاروبار کرتا ہے۔ اس کے پاس جب پیسہ آتا ہے تو اس پیسے سے خریداری کرتا ہے۔ اپنے لیے گھر بناتا ہے جس سے مزدوروں کو فائدہ ہوگا۔ گاڑیاں اور دوسری اشیاء خریدتا ہے۔ دکانداروں اور کاروباری اشخاص کو بھی فائدہ ہوگا۔ پیسہ سرکولیٹ کرے گا۔ کسی ایک شخص کے پاس نہیں ہوگا بلکہ ہر کسی کے پاس پیسہ ہوگا اور ہر کوئی خوشحال ہوگا۔ ترقی یافتہ ملکوں کو دیکھیں ان کاروباری اشخاص کی وجہ سے ان کے ممالک ترقی کر چکے ہیں۔

اس لیے ہمیں زیادہ سے زیادہ کاروبار کرنا چاہیے۔ اپنے پیسوں کو بینکوں میں نہ رکھیں تاکہ ان پیسوں سے دوسرے لوگوں کو بھی فائدہ ہو۔ اور کاروبار کرنے سے پیسہ زیادہ آتا ہے کیونکہ پیسہ کو پیسہ ہی لے آتا ہے۔

●●

شماریات کے فوائد

بختیار بلوچ (لیکچرر شعبہ شماریات)



شماریات کے اہم فوائد درج ذیل ہیں۔

1۔ عام فہم:

شماریات پیچیدہ مواد کو سادہ اور عام فہم انداز میں پیش کرتا ہے جسے عام آدمی بھی آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔ اگر دو ممالک کی صنعتی، زرعی اور تجارتی ترقی کے اعداد و شمار فراہم کیے جائیں اور دونوں ممالک کی معاشی ترقی اور معاشی حالت کے درست رائے نہیں دی جاسکتی۔ لیکن اگر انہی اعداد و شمار کو شماریاتی طریقوں کی مدد سے اوسط، فیصد یا ڈائیگرام کی صورت میں پیش کیا جائے تو آسانی سے درست رائے قائم کی جاسکتی ہے۔

2۔ اعداد و شمار کا آسان موازنہ:

شماریات کی بدولت ایک ہی قسم کے مختلف اوقات کے اعداد و شمار کا موازنہ آسانی سے کیا جاسکتا ہے۔ اس طرح معلوم ہو جاتا ہے کہ کس طرح کی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں۔

3۔ پالیسی مرتب کرنے میں رہنمائی:

کوئی بھی پالیسی مرتب کرنے سے قبل موزوں اعداد و شمار اکٹھے کیے جاتے ہیں۔ جو پالیسی مرتب کرنے میں رہنمائی کرتے ہیں۔

4۔ حقائق کو جامع صورت میں پیش کرنا:

شماریات کی بدولت حسابی حقائق زیادہ بہتر اور جامع انداز میں پیش کیے جاسکتے ہیں۔ اس لیے ان حقائق سے مطلوبہ نتائج آسانی سے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر یہ بیان کیا جائے کہ ایک سال میں بلوچستان میں ٹریفک کے حادثات سے 60 افراد ہلاک ہوئے۔ اس بیان سے صورتحال کا علم تو ہوگا لیکن اس طرح بیان کیا جائے کہ بلوچستان میں ہر ماہ اوسطً 5 افراد حادثات سے ہلاک ہوئے تو مفہوم اور زیادہ واضح ہو جائے گی۔

5۔ مختلف عناصر کے درمیان تعلق:

شماریات کی بدولت مختلف عناصر کے درمیان تعلق کو آسانی سے بیان کیا جاسکتا ہے۔ اس طرح نتائج آسانی سے حاصل ہوسکتے ہیں۔

6۔ دیگر سائنسی علوم کے قوانین کی جانچ پڑتال میں مدد:


شماریات دوسرے سائنسی علوم کے قوانین کی درستگی اور عدم درستگی کا شماریاتی اعداد سے تعین کرتی ہے۔ اس طرح شماریاتی طریق سے سائنسی علوم کے قوانین کے اطلاق میں مدد ملتی ہے۔

7۔ مستقبل کی پیش بندی:

شماریات کی بدولت اعداد و شمار اکھٹے کرکے مستقبل کی پیش بندی کی جاسکتی ہے۔ اس سے منصوبہ بندی آسان ہو جاتی ہے۔

8۔ انتظامی امور میں راہنمائی:

شماریات انتظامی امور میں کسی بھی ادارے کی انتظامیہ کی رہنمائی کرتی ہے۔ کیونکہ ماہرین کسی بھی مسئلہ کے متعلق اس وقت تک کوئی رائے نہیں دے سکتے جب تک وہ اس مسئلہ کے متعلق اعداد و شمار اکھٹے کرکے مکمل واقفیت حاصل نہ کرلیں۔ مثلاً: ملک میں سماجی برائیوں کے خاتمہ کے متعلق اس وقت تک مناسب حل تجویز نہیں کیا جاسکتا جب تک سماجی برائیوں کے اسباب کے متعلق اعداد و شمار اکھٹے نہ کرلیے جائیں اسی لیے کہا جاتا ہے کہ شماریات انتظامی امور میں انتظامیہ کی آنکھ کا درجہ رکھتی ہے۔



9۔ انسانی فلاح و بہبود میں اضافہ:

شماریات کی بدولت ملک کے مادی و قدرتی وسائل اور باشندوں کے متعلق اعداد و شمار کو مرتب کرنے میں مدد ملتی ہے۔ اس طرح ملک میں انسانی فلاح و بہبود میں اضافہ ہوتا ہے۔

دماغ

حافظ عبدالباقی (اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ اسلامیات)



انسانی اعضا میں سے دماغ چونکہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے اس لیے اس کو محفوظ رکھنے کے لیے خالق ارض و سماء نے معلوم نہیں اُس کو کتنے پردوں میں چھپا رکھا ہے۔

جس چیز کو ہم سنتے دیکھتے محسوس کرتے یا کسی دوسرے ذرائع سے حاصل کرتے ہیں وہ ہمارے دماغ میں محفوظ ہو جاتا ہے اور بوقتِ ضرورت دماغ اُس کو دل تک اور دل کے ذریعے زبان اُس کی ترجمانی کرتا ہے۔ اب یہ زبان پر منحصر ہے کہ وہ دل و دماغ کی کس حد تک لاج رکھتا ہے۔

اسی لیے بلوچی میں کہتے ہیں "زبان من تئی باھوتاں" یعنی زبان میں تیرے رحم و کرم پہ۔

یہ دماغ ہی ہے جس کی بدولت انسان نے پہاڑوں کے سینے چیرے سمندروں کی تہ تک پہنچے اور ستاروں پہ کمندیں ڈالیں۔ یہی دماغ جب سرچڑھتا ہے تو پھر اپنے پیدا کرنے والے کو بھول جاتا ہے اور بسا اوقات فرعون کی طرح خدائی کا دعویٰ کرتا ہے اور یہ بھول جاتا ہے کہ دیگر اعضا کی طرح اِس کی کوئی حد ہوتی ہے۔

اور جہاں دماغ کی حد ختم ہوتی ہے وہیں سے "وحی" کی ابتدا ہوتی ہے اور یہی وہ مقام ہے جہاں اچھے اچھوں کو ٹھوکر لگتی ہے اور پھر سنبھلنے میں عمرِ نوح درکار ہوتا ہے دماغ کو وجود میں "رئیس الاعضا" کہا جاتا ہے اس لیے وجود میں اس کو اوپری درجہ دیا گیا ہے تاکہ دوسرے اعضا پہ اس کی فوقیت برقرار رہے۔

لیکن جس دن یہ ذمہ داری دکھانے سے عاجز رہے تو تمام اعضا باوجود سالم ہونے کے عجز کی انتہا کو پہنچیں گے اور انسان پاگل قرار پائے گا۔ معلوم ہوا کہ دماغ دیگر اعضا کے لیے اہم الاعضا کی حیثیت رکھتی ہے۔

●●

اسٹاک ـــــ ایکس چینج

گل شیر بلوچ (اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ ریاضی)



پاکستان اسٹاک ایکسچینج جہاں پر کمپنیوں کے شیئر کا کاروبار ہوتا ہے۔ 2016 میں تین اسٹاک ایکسچینج ایک ساتھ ملائے، ان میں KSE100، کراچی اسٹاک ایکسچینج، ایک لاہور اسٹاک ایکسچینج اور ایک اسلام آباد اسٹاک ایکسچینج سے ہے۔ سب سے پہلے ہم شیئر کو سمجھیں کہ یہ کیا ہوتا ہے۔ کمپنیوں کے مالک اپنے کمپنیوں کو مختلف برابر حصوں میں تقسیم کرتے ہیں اور ہر حصہ کو شیئر کہتے ہیں۔ فرض کریں ایک کمپنی ہے اور اس کا مالک اُس کو ایک ہزار برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے اور کچھ حصہ یا شیئرز وہ اپنے پاس رکھتا ہے کچھ حکومت خریدتی ہے اور لمبے عرصے کے لیے اپنے پاس رکھتی ہے اور باقی شیئرز کو وہ PSX 100 پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں فروخت کے لیے Flout کرتی ہے جہاں عام لوگ ان شیئرز کی خرید و فروخت کرتے ہیں یعنی KSE100 جو کہ 100 ان کمپنیوں کے ناموں سے ماخوذ ہے۔

ان کی Free flout capitalization سب سے زیادہ ہے۔ فری فلاٹ کیپیٹلائزیشن سے مراد یہ ہے کہ فرض کریں ایک کمپنی کے ایک لاکھ شیئر فروخت کے لیے دستیاب ہیں ان کو ایک شیئر کی قیمت سے ضرب دینے کے بعد ملتی ہے اگر اس کمپنی کے ایک شیئر کی قیمت تیس روپے ہو تو اس کی مارکیٹ کیپیٹلائزیشن 100000x300=3000000 (تیس لاکھ) ہو گی۔ یعنی ان سو کمپنیوں میں جن کی فری فلاٹ کیپیٹلائزیشن زیادہ ہوتی ہے اس کو ہم لیتے ہیں اور باقی کمپنیوں کو ایک نیچے لکھتے ہیں۔ پاکستان میں اس وقت پانچ سو پچاس سے زیادہ کمپنیاں ہیں اور چھتیس سیکٹر ہیں۔

سال میں دو مرتبہ ضرور ان تمام کمپنیوں کے کیپیٹلائزیشن معلوم کرتے ہیں اور سو کمپنیوں کو سلیکٹ کرتے ہیں۔ اور یہ کام پاکستان انڈیکس کمپنی کرتی ہے۔ KSE100 کی بنیاد

1991 میں Base 1000 پوائنٹ پر رکھی گئی۔ اور اب یہ پوائنٹ 37000 سے بھی زیادہ ہیں۔ اور 2008 کے شروع میں KSE100، 47000 پوائنٹ سے زیادہ پر بزنس کر رہی تھی لیکن 2008 میں گریٹ ڈپریشن کی وجہ سے مارکیٹ گر گئی۔ اور ابھی ہم جو روزانہ نیوز دیکھتے ہیں کہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں اتنا پوائنٹ اضافہ یا کم ہوا ہے یہ وہی 1991 کے Base 1000 سے شروع ہوا تھا۔ KSE100 کا نام جو رکھا گیا تھا وہ نیویارک اسٹاک ایکسچینج 100 اور باقی اسٹاک ایکسچینج جو 100 کمپنیوں کے فری فلاٹ کیپیٹلائزیشن سے لی گئی ہیں۔ KSE100 کو بھی اسی طرح نام دیا گیا۔ اب ہم اس قابل ہو چکے ہیں کہ PSX 100 پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو سمجھ سکیں کہ یہ وہ بازار یا جگہ ہے جہاں پر کمپنیوں کے شیئر کی خرید و فروخت ایک بروکر کے ذریعے ہوتا ہے کیونکہ ہم ڈائریکٹ شیئر کا کاروبار نہیں کرسکتے اس لیے ہمیں ایک بروکر کی ضرورت ہوتی ہے جس کا PSX 100 میں رجسٹر ہوتا ہے۔ وہ آپ سے اپنا ایک فیس چارج کرتا ہے اور آپ کے لیے شیئر کی خرید و فروخت کرتا ہے۔

●●

قلم کی طاقت

محمد امین (ایف اے، سالِ دوم)

قلم علم کی بنیاد ہے جب ہم پڑھنا شروع کرتے ہیں تو سب سے پہلے قلم ہی استعمال کرتے ہیں۔ جب پہلے دن ہم کسی بھی اسکول میں یا کالج میں جائیں تو داخلہ لینے کے لیے قلم ہی کی ضرورت ہوتی ہے۔

قلم وہ چیز ہے کہ کسی کی زندگی کو بنا سکتی ہے اور کسی کی زندگی اجاڑ دیتی ہے۔ مثلاً اگر کسی نے جرم کیا ہو تو جج اِسی قلم کے ذریعے سزا دے سکتا ہے اور اسی قلم کے ذریعے معاف بھی کروا سکتا ہے۔ زندگی کے ہر معاملے میں قلم ہی کی اہمیت ہے۔ اس لیے دنیا میں بہت سے لوگ قلم کے ذریعے اپنا رزق حاصل کرتے ہیں رزق دینے والا اللہ ہی کی ذات ہے لیکن قلم ایک ذریعہ ہے۔ کچھ لکھنا ہو جو مضمون یا نظم کی شکل میں ہو ہم یہی قلم کی نوک کو منتخب کرتے ہیں۔

قلم علم کی علامت ہے اس لیے قلم کا احترام کریں اس سے محبت کریں اور ہمیشہ اس سے نزدیک رہنے کی کوشش کریں۔ ●●

میں سوچوں گا



گلاب بلوچ (اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ اردو)

شے مُرید

آج اپنے مستقبل کے بارے میں سوچ رہا تھا۔ اس کے سامنے حال بھی ایک ڈراؤنی چڑیل کی مانند اپنے بدصورت چہرے کے ساتھ کھڑی تھی۔ مگر وہ بار بار مستقبل کی تصویر دیکھ رہے تھے۔ انہوں نے محنت، لگن، جذبے اور اُمید کے رنگوں پر نگاہیں ڈالیں تو اس تصویر کی خوب صورتی مذید نکھر گئی۔

ہر انسان مستقبل کا خواب دیکھتا ہے۔ مستقبل خوبصورت ہو، کامیاب ہو، پُرسکون ہو اور خوشحال۔۔۔ مگر یہ اس وقت تک صرف خواہش ہے جب تک اس میں ''کوشش'' کا رنگ نہ ہو۔

کچھ انسان بھی عجیب ہیں خواہشوں اور خواب کے فرق کو نہیں سمجھ سکتے۔

خواہش پہ مجھے ٹوٹ کے گرنا نہیں آتا
پیاسا ہوں مگر ساحلِ دریا پہ کھڑا ہوں

شے مرید کو مگر ادراک تھا کہ خواہش وہ ہے جو صرف انسان کو خوش رکھے مگر خواب۔۔۔۔ خواب تو انسان کو بے قرار رکھتا ہے، بے چین کرتا ہے اور فکر مند بنا دیتا ہے جب تک وہ پورا نہ ہو۔ اس لئے شے مرید فکر مند تھا، اسے احساس تھا کہ مجھے چھوٹی چھوٹی خواہشوں کے پیچھے پڑنے کے بجائے ''خوابوں'' سے اُلفت اور وصال ہو۔

ہر رنگ بے قرار ہوا رونمائی کو
ہنگامہ وہ بپا کیا موجِ وصال نے

شے مرید جہاں پہنچنا چاہتے تھے اس کے لئے بے چین تھے۔ وہ جب اپنی منزل کو ایک نظر دیکھتا تو مزید ہنگامہ برپا ہوتا۔ یہ ہنگامہ ہی تھا کہ کتابوں سے محبت اور کتابوں کی صحبت سے اسے فرصت نہ تھی۔ وہ بار بار کہتے کہ ''مطالعہ روح کی غذا ہے''۔ جس جس نے مطالعہ کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنایا تو ان کی روح پاک سے پاکیزہ تر ہوتی گئی اور معرفت اور زندگی کی حقیقت تک وہ پہنچ گئی۔ شے مُرید کو پتہ تھا کہ آج انسان کی بے چینی کی وجہ اس کی روح کی گندگی ہے۔ جب روح گندی ہو تو زندگی اس سے بھاگتی ہے۔ آج کل کا انسان بہت کچھ سیکھ چکا مگر زندگی اور خوش ہو کر زندہ

رہنا نہ سیکھ سکا۔ اس لئے وہ بے چین ہے۔ مگر شے مرید کہتا کہ مجھے زندگی سیکھنی ہے، شے مُرید اور باقی لوگوں میں یہی فرق ہے۔

شے مرید "وقت" کو سب سے بڑا سرمایہ سمجھتے۔ اُن کا کہنا تھا کہ جس نے وقت کو ہلکا جانا، وقت اسے دنیا کے سامنے ہلکا کردے گا جس نے وقت کی عظمت کو پہچانا، وقت اسے عظیم بنائے گا۔ اس لئے اس نے اپنے اوقات کی تقسیم ہی ایسی کی تھی کہ اس میں غور و فکر، مطالعہ، دوستوں اور رشتہ داروں سے ملاقاتیں، گھر والوں اور خاص کر بچوں کو وقت دینا، سیر و تفریح اور ورزش، اللہ کے ساتھ نماز کی صورت میں ایک مضبوط تعلق، قرآن کا مطالعہ ۔۔۔۔ یہ ساری چیزیں اس کی زندگی کو خوب صورت بنا دیتی تھیں۔

"خوب صورتی" کیا ہے؟

"توازن" اور اعتدال کا نام ہی "خوبصورتی ہے"۔

شے مرید کے سامنے وہ لوگ بھی تھے جو جوانی کے چار پانچ سالوں میں خوب موج مستیاں کرتے، عیش اور آرام کی زندگی گزارتے، اپنا وقت کھیل کود اور تفریح میں گزارتے مگر آج ۔۔۔ آج وہ بڑے افسردہ، ندامت اور ناکامی کی زندگی گزار رہے ہیں اور ایسے لوگوں کو بھی جانتے تھے کہ اپنے کیریئر کی خاطر چار پانچ سال کی قربانی، محنت اور جہدِ مسلسل ان کا شعار تھا اور آج ۔۔۔ آج وہ کامیاب کیریئر، کامیاب زندگی اور حقیقی تفریح سے لطف اندوز ہو رہے تھے۔

شے مرید حالات کا سامنا کرنے کے لئے ہمہ وقت تیار تھا۔ ان کو پتہ تھا کہ جس جس نے حالات کا مقابلہ کیا وہ کامیاب رہے اور جو حالات سے بھاگے یا حالات و مشکلات کو بھلانے کی خاطر نشہ کا سہارا لیتے تو ایسے لوگ ناکام و نامراد نہیں بلکہ معاشرے کے غلیظ ترین انسان بن گئے۔ اس لئے ان کو نشہ سے نفرت تھی۔ وہ اکثر کہا کرتے کہ نشہ سے رشتہ جوڑنا دراصل رشتوں کو توڑنے کے مترادف ہے، وہ یہ بھی کہتے کہ عقل ہی انسان کو باقی مخلوق سے ممتاز کرتی ہے اور عقل کا سب سے بڑا دشمن نشہ ہے۔

شے مرید نے سوچا کہ میں اس وقت تک اپنے آپ کو اور اپنے معاشرے کو بدل نہیں سکتا جب تک میں خود کو نہ بدلوں اس کا عزم تھا کہ میں موجود ماحول کے اندر جذب نہیں ہوں گا بلکہ میں "ماحول ساز" بنوں گا۔ اس کے سامنے اقبال کی یہ نظم مرشد و کیمیاگر کی طرح کھڑی تھی کہ امامت (لیڈرشپ) کے لئے کون سی چیز ضروری ہے۔

تُو نے پُوچھی ہے امامت کی حقیقت مجھ سے
حق تجھے میری طرح صاحبِ اَسرار کرے
ہے وہی تیرے زمانے کا امامِ برحق
جو تجھے حاضر و موجود سے بیزار کرے
موت کے آئِنے میں تجھ کو دکھا کر رُخِ دوست
زندگی تیرے لیے اور بھی دشوار کرے
دے کے احساسِ زیاں تیرا لہُو گرما دے
فقر کی سان چڑھا کر تجھے تلوار کرے

فتنۂ ملّتِ بیضا ہے امامت اُس کی
جو مسلماں کو سلاطیں کا پرستار کرے

شے مُرید کے اونٹوں کی مسکراہٹ اسے کامیاب مستقبل کی نوید سنا رہی تھی، اس کی چمک دار آنکھیں حال کی تاریک اور اندھیری رات میں چراغ جلا کر صبح روشن کے لئے پُر امید تھیں۔ وہ شاعرِ انقلاب حبیب جالب کی طرح سوچتے کہ:

دیپ جس کا محلات ہی میں جلے
چند لوگوں کی خوشیوں کو لے کر چلے
وہ جو سائے میں ہر مصلحت کے پلے
ایسے دستور کو صبح بے نور کو
میں نہیں مانتا میں نہیں جانتا
میں بھی خائف نہیں تختۂ دار سے
میں بھی منصور ہوں کہہ دو اغیار سے
کیوں ڈراتے ہو زنداں کی دیوار سے
ظلم کی بات کو جہل کی رات کو
میں نہیں مانتا میں نہیں جانتا
پھول شاخوں پہ کھلنے لگے تم کہو
جام رندوں کو ملنے لگے تم کہو
چاک سینوں کے سلنے لگے تم کہو
اس کھلے جھوٹ کو ذہن کی لوٹ کو
میں نہیں مانتا میں نہیں جانتا
تم نے لوٹا ہے صدیوں ہمارا سکوں
اب نہ ہم پر چلے گا تمہارا فسوں
چارہ گر دردمندوں کے بنتے ہو کیوں
تم نہیں چارہ گر کوئی مانے مگر
میں نہیں مانتا میں نہیں جانتا

شے مرید کی سوچ دنیا تک محدود نہیں تھی وہ دنیا سے بھی آگے "آخرت" کے بارے میں سوچتے۔ ان کا دوستوں کے ساتھ ہر وقت بحث چلتی کہ وژنری وہ ہے جس کا وژن "آخرت" کی زندگی کی کامیابی پر ہو۔ وہ قرآن پر غور و فکر کرتے اور انہماک کے ساتھ اپنے رب کی کتاب کا مطالعہ کرتے۔ وہ حیران تھے کہ دنیا میں کوئی ایسی کتاب نہیں جس کو سمجھے بغیر لوگ پڑھتے ہوں مگر قرآن کے ساتھ یہ معاملہ جاری ہے۔ وہ اپنے دوستوں کو کہتے کہ ہم روایتی مسلمان ہیں، شعوری نہیں۔ جس دن انسان نے قرآن کو شعور کے ساتھ پڑھنا شروع کیا اس دن انسان اور اس کا معاشرہ تبدیل ہوگا۔ وہ روزانہ ترجمے کے ساتھ قرآن پڑھتے، اس پر غور کرتے اور پھر اس کی تعلیمات کو نافذ کرنے کے لئے کوشش کرتے۔

شے مرید کی سوچنے کی عادت دراصل اس کی کامیابی کا ضامن ہے۔ میں نہیں سوچتا اس لئے میری زندگی میں جمود ہے۔ میری زندگی جیسے رُکی ہوئی ہے اور میرے ذہن کو جیسے زنگ لگ گیا ہے۔ میرے لئے راستے بند ہیں۔ میرے پاس نئے آئیڈیاز نہیں۔ میں پیچھے ہوں۔ میں اندھیرے میں ہوں۔ میں جہالت میں ہوں۔ میں ناکام ہوں، میں مایوس ہوں اور سب سے بڑھ کر میں مرا ہوا ہوں۔ اس لئے میں نے فیصلہ کیا ہے کہ میں بھی سوچوں گا، اپنے مستقبل کو کامیاب اور تابناک بنانے کے لئے۔ ●●

ایک کتے کی آپ بیتی

وسیم عبداللہ (آئی سی ایس۔ سالِ دوم)

میں ایک کتا ہوں میں اپنے ماں کی کوک سے جنم لے کر دنیا میں آیا تو مجھے کچھ دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ میرے بدن میں پتھر لگ رہے تھے تو میرے دائیں طرف میرے بھائی اور بہن رو رہے تھے۔ میں بھی بہت رو رہا تھا۔ اُس وقت میں بہت چھوٹا تھا۔ اس دن دنیا میں میرا پہلا دن اذیت سے گزر گیا۔

